**14.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................... کونین حیدر

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کی تعمیر میں کسانوں کے رول کی ستائش کی ہے اور کہا ہے کہ وہ خودکفیل بھارت کو مستحکم بنا رہے ہیں۔

☆ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ مسلح افواج کے آزمودہ کار فوجی، قومی شعور کے جیتے جاگتے ستون اور اجتماعی دلیری کی علامت ہیں۔

☆ چین نے ایران کے استحکام کے تئیں اپنی حمایت کا اعادہ کیا ہے اور دیگر ملکوں کے اندرونی معاملات میں امریکی مداخلت کو مسترد کردیا ہے۔

☆ تھائی لینڈ میں ریل گاڑی کے حادثے میں کم از کم 22 افراد ہلاک اور 30 زخمی ہوگئے۔

☆ اور کرکٹ میں راجکوٹ میں بھارت کے ساتھ دوسرے ایک روزہ میچ میں نیوزی لینڈ نے ٹاس جیت کر فیلڈنگ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-PONGAL**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ کسان، ملک کی تعمیر میں مضبوط ساجھیدار ہیں اور اُن کی کوششوں سے خودکفیل بھارت کی مہم مزید مستحکم ہورہی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ مرکزی سرکار نے کسانوں کو بااختیار بنانے کا تہیہ کررکھا ہے اور وہ اِس سلسلے میں اَنتھک کام کررہی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پونگل کا تہوار فطرت، کنبوں اور معاشرے کے ساتھ توازن پیدا

کرنے کی راہ دکھاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پونگل شاندار تمل ثقافت اور فطرت کے ساتھ رشتے کا جشن منانے کا موقع ہے۔ جناب مودی نے اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن کی رہائش گاہ پر موجود لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

**SB - 1400 - PM Modi Pongal**

وزیر اعظم نے نئی دلّی میں ڈاکٹر مروگن کی رہائش گاہ پر منعقدہ پونگل تقریبات میں شرکت کی۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے مکر سنکرانتی، اترائن اور ماگھ بیہو کے موقع پر بھی لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر اعظم نے امید ظاہر کی ہے کہ مکر سنکرانتی کا پوتر تہوار ہر ایک کی زندگی کو خوشی، تندرستی اور خیر و عافیت سے سرشار کردے گا۔

**SB - 1400 - PM All Festival**

**ASSAM-BIHU**

آسام میں فصل کی کٹائی کا تہوار ماگھ بیہو منایا جارہا ہے، جسے بھوگالی بیہو اور **Maghor Domahi** کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ یہ سال کا پہلا تہوار ہے، جو مختلف برادریوں کے لوگوں کو مل کر موسم سرما کی فصلوں سے لطف اندوز ہونے اور پورے سال کیلئے خوشحالی کی پرارتھنا کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ آسام کے لوگوں نے کل **Poush** مہینے کا آخری دن منایا، جبکہ آج صبح سویرے لوگوں نے **Meiji** جلائی اور اِس کی راکھ کو کھیتوں میں چھڑکا، تاکہ مٹی کو اور زیادہ زرخیز بنایا جاسکے۔×

**RAJNATH-VETERANS DAY**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ مسلح افواج کے آزمودہ کار سپاہی قومی شعور کے جیتے جاگتے ستون، اجتماعی دلیری کی علامت اور مستقبل کی نسلوں کیلئے باعث ترغیب ہیں۔ وہ آج نئی دلّی میں مسلح افواج کے سابق فوجیوں کے دن کی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ جناب راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ آزمودہ کار سپاہیوں نے ملک کی تعمیر کے ہر محاذ پر اہم رول ادا کیا ہے اور وہ ڈسپلن، قیادت اور شجاعت جیسی اپنی خصوصیات کے ساتھ معاشرے کی رہنمائی کرتے ہیں۔

**SB - Rajnath**

وزیر دفاع نے زور دے کر کہا کہ آزمودہ کار فوجیوں کی وردی کا رنگ اور کام کرنے کا مقام تو بدل سکتا ہے، لیکن اُن کے دل میں حب الوطنی اور خدمت کا احساس اُسی طرح برقرار رہے گا۔×

**ARMY CHIEF-NCC**

فوج کے سربراہ جنرل اُپیندر دیویدی نے کہا ہے کہ آپریشن سندور، ملک کے عزم اور ضبط و تحمل کا واضح مظاہرہ تھا،

جس سے مسلح افواج کی اخلاقی قوت اور پیشہ وارانہ مہارت کی عکاسی ہوتی ہے۔ جنرل دیویدی نے نیشنل کیڈٹ کور NCC کے یوم جمہوریہ پریڈ کیمپ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ جنرل دیویدی نے زور دے کر کہا کہ نوجوان لیڈر، NCC کیڈٹ، اختراع کار، اساتذہ، انجینیر، ڈاکٹر، سپاہی اور ذمہ دار شہری اجتماعی طور پر وکست بھارت 2047 کے نظریے کو حقیقت کی شکل دے سکتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اِس مقصد کے حصول کیلئے انہیں اعتماد اور ڈسپلن کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا، پختہ عزم کے ساتھ اختراعی کام کرنے ہوں گے اور ملک کی خدمت کرنی ہوگی۔×

## CSPOC CONFERNCE

دولتِ مشترکہ کے اسپیکرس اور پریزائڈنگ افسروں کی 28 ویں کانفرنس آج نئی دلّی میں شروع ہورہی ہے۔ اِس تین روزہ کانفرنس میں دولتِ مشترکہ سے وابستہ 60 ملکوں اور نیم خود مختار پارلیمنٹس کے اسپیکرس اور پریزائڈنگ افسر شرکت کررہے ہیں۔ کانفرنس کا مقصد مختلف طرح کی پارلیمانی جمہوریت کے بارے میں جانکاری اور سمجھ بوجھ، نیز پارلیمانی اداروں کو فروغ دینا ہے۔ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا اس کانفرنس کے صدر نشیں ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...... VC - Bhanu Pratap

آج کانفرنس کے پہلے دن قائمہ کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوگی۔ 28 ویں CSPOC کے صدر نشیں کے طور پر لوک سبھا کے اسپیکر جناب اوم برلا قائمہ کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

*وزیر اعظم نریندر مودی کل سمودھان سدن کے تاریخی مرکزی ہال میں کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ وہ دولتِ مشترکہ اور خود مختار پارلیمنٹس کے اسپیکرس اور پریزائڈنگ افسران کے ساتھ غیر رسمی بات چیت بھی کریں گے۔ کانفرنس کے دوران پارلیمنٹ میں مصنوعی ذہانت AI کے استعمال، بہترین طور طریقوں سے ایک دوسرے کو واقف کرانے اور شرکاء کے مابین اختراعی خیالات کے اظہار، پارلیمنٹ کے ارکان پر سوشل میڈیا کے اثرات، پارلیمنٹ کے بارے میں عوام کی سطح پر بیداری میں اضافہ کرنے، نیز ارکانِ پارلیمنٹ کی سلامتی، صحت اور خوشحالی کے موضوعات پر مختلف اجلاس منعقد کیے جائیں گے۔ اس کانفرنس کے اختتام پر لوک سبھا کے اسپیکر CSPOC کی صدارت، برطانیہ کے ایوانِ نمائندگان کے اسپیکر Lindsay Hoyle کو سونپیں گے۔*

*بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......*

## CHINA-IRAN SUPPORT

چین نے ایران کے استحکام کے تئیں اپنی حمایت کا اعادہ کیا ہے اور زور دے کر کہا ہے کہ چین خود مختار ملکوں کے

اندرونی معاملات میں دخل اندازی نیز بین الاقوامی تعلقات میں طاقت کے استعمال یا اِس کی دھمکی کی مخالفت کرتا ہے۔ چین کی وزارت خارجہ کے ترجمان نے یہ بات کہی۔ ایران کے ساتھ تجارت کرنے والے ملکوں پر امریکی صدر ٹرمپ کی جانب سے حال ہی میں نافذ کی گئی پابندیوں کے معاملے پر ترجمان نے کہا کہ محصول کے تعلق سے چین کے موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے۔ اُدھر اقوام متحدہ میں ایران کے مستقل مشن نے سلامتی کونسل اور اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل سے باضابطہ طور پر اپیل کی ہے اور امریکہ پر تشدد کو شہ دینے، ایران کے اندرونی معاملات میں دخل اندازی کرنے اور فوجی کارروائی کی دھمکی دینے کا الزام لگایا ہے۔

ایران کے مستقل نمائندے نے ایران میں مظاہروں کے معاملے پر صدر ٹرمپ کے حالیہ بیان پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ صدر ٹرمپ کی رائے زنی سے انتشار کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ ایران نے یہ بات دوہرائی ہے کہ امریکہ کی رائے زنی بین الاقوامی قوانین کے بنیادی اصولوں کے منافی ہے۔×

## THAILAND ACCIDENT

تھائی لینڈ کے شمال مشرقی خطے میں بینکاک سے روانہ ہونے والی ایک مسافر ریل گاڑی کے ایک بڑے حادثے میں 22 افراد کی موت ہوئی، جبکہ 30 زخمی ہوئے۔ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا، جب تعمیرات کے کام آنے والی ایک کرین ایک ریل ڈبے پر جاگری۔ تھائی لینڈ کے پولیس اہلکاروں کے مطابق، یہ حادثہ تھائی لینڈ کی راجدھانی کے تقریباً 230 کلومیٹر شمال مشرق میں پیش آیا۔ تھائی لینڈ کے ٹرانسپورٹ محکمے کے وزیر نے بتایا ہے کہ اِس ریل گاڑی میں تقریباً 195 مسافر سوار تھے۔ ابتدائی جانکاری سے معلوم ہوا ہے کہ یہ کرین موجودہ ریل لائن کے نزدیک تیز رفتار ریلوے پروجیکٹ کیلئے تعمیراتی مقام پر استعمال کی جارہی تھی۔×

## CRICKET-ODI

کرکٹ میں راجکوٹ میں بھارت کے ساتھ دوسرے ایک روزہ میچ میں نیوزی لینڈ نے ٹاس جیت کر فیلڈنگ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بھارت نے اب سے کچھ دیر پہلے تک 6 اوورز میں بغیر کوئی وکٹ کھوئے 18 رن بنا لیے تھے۔

بھارت کو تین میچوں کی سیریز میں ایک-صفر کی سبقت حاصل ہے۔ بھارت نے اتوار کو وڈودرا میں پہلا میچ 4 وکٹ سے جیتا تھا۔ سیریز کا تیسرا اور آخری ایک روزہ میچ اتوار کو کھیلا جائے گا۔×

## J&K PAK DRONE FIRE

جموں و کشمیر میں کل شام فوج کے اہلکاروں نے کئی مشتبہ پاکستانی ڈرونز کو تباہ کرنے کیلئے فائرنگ کی، جو راجوری ضلعے

میں کنٹرول لائن کے اُس پار سے بھارتی علاقے میں داخل ہوئے تھے۔ یہ ڈرون **Manjakote** سیکٹر میں کُچھ دیر پرواز کرنے کے بعد، جموں و کشمیر کے پاکستان کے قبضے والے علاقے میں واپس چلے گئے۔ محکمۂ دفاع کے ذرائع کے مطابق، فوج نے جموں و کشمیر میں کنٹرول لائن سے متصل علاقے میں ڈرون دیکھے جانے کے بعد ڈرون شکن نظام کے تحت اقدامات شروع کیے ہیں۔ تلاش کی کارروائی بھی شروع کی گئی ہے، تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ اِن ڈرونز کے ذریعے کوئی ہتھیار یا منشیات وہاں نہ گرائی گئی ہوں۔×

## PREZ-PUNJAB VISIT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل سے پنجاب کے دو دن کے دورے پر رہیں گی۔ وہ امرتسر میں گرو نانک دیو یونیورسٹی کے تقسیم اسناد کی گولڈن جوبلی تقریب میں مہمان خصوصی ہوں گی۔ صدر جمہوریہ جمعہ کے روز جالندھر میں ڈاکٹر بی آر امبیڈکر نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کے تقسیم اسناد کے **21** ویں جلسے میں ایک ہزار **452** طلبا کو ڈگریوں سے سرفراز کریں گی۔ محترمہ دروپدی مرمو ایک بلند قومی پرچم اور سائبر سکیورٹی نیز **5G** سے متعلق خصوصی مہارت کے دو مراکز کا افتتاح بھی کریں گی۔ صدر جمہوریہ کے دورے کے مدِّ نظر امرتسر اور جالندھر میں ہر طرح کے ڈرون، ہوائی جہاز اور ہیلی کاپٹروں کی پروازوں کو ممنوع قرار دیا گیا ہے۔×

## IMD-WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ پنجاب، ہریانہ اور چنڈی گڑھ میں شدید سردی کا سلسلہ کل تک جاری رہنے کا امکان ہے۔ اِدھر دلّی، ہریانہ، پنجاب، چنڈی گڑھ اور اترپردیش میں اگلے دو دن کے دوران، کہیں گہرا اور کہیں بہت زیادہ گہرا کہرا چھائے رہنے کی پیش گوئی بھی کی گئی ہے۔ موسمیات محکمے کے مطابق، بہار، اترا کھنڈ، اُڈیشہ، جموں، ہماچل پردیش، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطے، سکم، آسام اور میگھالیہ میں بھی اگلے تین دن کے دوران گہرا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔ راجستھان اور جھارکھنڈ میں کل تک سردی کا زور جاری رہے گا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆